# قابل استعمال کرونا سرٹیفیکیٹ کے حامل مسافروں کے لیے سرحد پار کرنے کے لیے سوین سنڈ کے پرانے پل کو کھولا جا رہا ہے

پریس ریلیز | تاریخ: 27.08.2021 | نمبر: 134 - 2021

حکومت سوین سنڈ میں بارڈر پر دباؤ کم کرنے کے لیے کورونا کا قابل استعمال سرٹیفکیٹ رکھنے والوں کو پرانے سوین سنڈ پل کے اوپر سے گزرنے کی اجازت دے گی۔ بشرط یہ کہ گاڑی میں موجود ہر شخص کے پاس ایک قابل استعمال کورونا سرٹیفکیٹ ہو ۔ اس سے نئے پل پر کسٹم سے گزرنے والے لوگوں کے لئے آسانی ہو جائے گی ۔

"نئے سوین سنڈ پل پر ٹریفک کو محدود کرنے کے لئے حکومت نے پرانے سوین سنڈ پل کو ان لوگوں کے لئے کھولنے کا فیصلہ کیا ہے جو کورونا کا قابل استعمال سرٹیفکیٹ پیش کرسکتے ہیں۔ میں اس بات پر زور دینا چاہوں گی کہ گاڑی میں موجود ہر شخص کو مکمل طور پر ویکسین لگی ہونی چاہیے یا پچھلے چھ ماہ میں کوویڈ-19 گزارا ہوا ہو ۔ وہ بچے جو سرحد پار آنے جانے کے سلسلے میں کوویڈ-19 ضوابط میں اپنی چھوٹ کے دائرے میں نہیں آتے انہیں اب بھی نئے سوین سنڈ پل کا استعمال کرنا چاہئے۔ یہی بات ان مسافروں پر بھی لاگو ہوتی ہے جنہیں ناروے کے کسٹمز کی ادائیگی کی ضرورت ہوتی ہے ۔" وزیر انصاف اور عوامی سلامتی مونیکا میلاند کہتی ہیں۔

اس کا مقصد نئے پل پر قطاروں کو محدود کرنا ہے جہاں موسم گرما کے دوران سرحد پار کرنے پر لمبی قطاریں اور کئی گھنٹے انتظار کا وقت رہا ہے۔ لمبی قطاروں نے بھاری نقل و حمل کے لئے بہت دشواری پیدا کی ہے جنہیں نئے سوین سنڈ پل پر سے گزرنا پڑتا ہے کیونکہ نارویجن کسٹمز کا کنٹرول اسٹیشن یہاں واقع ہے۔

کنٹرول زون میں بہتری لائی گئی ہے تاکہ پرانے سوین سنڈ پل پر مسافروں کا کنٹرول زیادہ موثر طریقے سے انجام دیا جا سکے۔ میلاند

کا کہنا ہے کہ مجموعی طور پر ہمیں امید ہے کہ اس سے سرحد زیادہ موثر طریقے سے پار کی جا سکے گی ۔

چونکہ زیادہ تر شہریوں کو مکمل طور پر ویکسین لگ چکی ہے اور وہ کورونا کا قابل استعمال سرٹیفکیٹ پیش کر سکتے ہیں لہذا ٹریفک میں اضافہ کی توقع ہے ۔ اگر مستقبل میں موجودہ کنٹرول نظام کو برقرار رکھنا ہے تو اس لئے نئے سوین سنڈ پل پر ٹریفک کو آسان بنانے کی ضرورت ہوگی تاکہ بھاری ٹرانسپورٹ ٹریفک کے لئے انتظار کے وقت میں کمی کی جا سکے ۔

یہ تبدیلی نصف شب ، ہفتہ کی رات 28 اگست سے نافذ العمل ہوگی۔